Total No. of Printed Pages—11

**X/15/Ur**

**2 0 1 5**

**URDU**

( INDIAN LANGUAGE )

**(CANDIDATES WITH INTERNAL ASSESSMENT)**

*Full Marks* : 80
*Pass Marks* : 24

**(CANDIDATES WITHOUT INTERNAL ASSESSMENT)**

*Full Marks* : 100
*Pass Marks* : 30

*Time* : 3 hours

(For Both Categories of Candidates)

*The figures in the margin indicate full marks for the questions*

ہدایات :

(*i*) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(*ii*) ہر سوال کو غور سے پڑھ کر سمجھئے اور حتی المقدور اپنے الفاظ میں جواب لکھنے کی کوشش کیجئے۔

(*iii*) سوالات کے لئے مارکس بائیں حاشئے پر درج ہیں۔

(*iv*) تحریر کی صفائی کا خاص خیال رکھئے۔

(*v*) بے محل اور غیر موزوں جواب ہرگز نہ دیجئے۔

## SECTION—I

## [ نثر (Prose) اور سوانحی خاکہ ( Life History) ]

*Marks* : 30

1- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب دیجئے : 2½×2=5

(a) مضمون ' مخلوط زبان ' میں مخلوط زبان سے کون سی زبان مراد ہے؟ وضاحت کیجئے۔

(b) چکبست لکھنوی کے کلام کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟ اختصار سے لکھئے۔

(c) ' تیزابی بارش ' کے اسباب اور اس کے نقصانات پر مختصر روشنی ڈالئے۔

2- مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی ایک کا جواب لکھئے : 4

(a) حیات اللہ انصاری کی تحریر شدہ افسانہ 'بھیک ' کی کہانی کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔

(b) آپ بیتی 'چوری اور اس کا کفارہ ' سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ مختصر طور پر بیان کیجئے۔

3- مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی دو کی مع حوالہ وضاحت کیجئے : 2½×2=5

(a) ” ابھی کنواں کھودا نہیں گیا اور تم پیاس سے بے حال ہو رہے ہو۔“

(b) ''ہم انہیں تکلیف دینا نہیں چاہتے تھے ، ان کے دل کی آرزو پوری کرنا چاہتے تھے۔''

(c) ''ان کے بزرگوں نے یہ اجازت دے رکھی تھی کہ جس کھیل کو تمہارا جی چاہے شوق سے کھیلو مگر کسی کھیل کو چھپا کر مت کھیلو۔''

4 (a) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : $1 \times 4 = 4$

(i) ''ارے تم لوگوں کو شرم نہیں آتی ، ایک بے قصور عورت کو اس طرح مار رہے ہو۔'' یہ جملہ کس نے کہا تھا؟

(الف) بھاگ وتی نے

( ب ) رام سہائے مل نے

( ج ) رانی کشن کنور نے

(ii) نوجوان گاندھی نے کس کے بازو بند سے سونے کا ٹکڑا چرایا تھا؟

(الف) اپنے ابّو جان کے

( ب ) اپنے بڑے بھائی جان کے

( ج ) اپنی امّی جان کے

*(iii)* مارواڑی سواریوں کو ان کے ٹھکانے تک پہنچانے کے بعد منگو کوچوان نے کس کی دکان پر لسّی پی؟

(الف) منگلو حلوائی کی دکان پر

( ب ) گنگو حلوائی کی دکان پر

( ج ) دینو حلوائی کی دکان پر

*(iv)* کس نیک اور خیرخواہ خادمہ نے بچپن میں سرسید کی پرورش کی تھی؟

(الف) مسماۃ ماں بی بی نے

( ب ) مسماۃ خالہ بی بی نے

( ج ) مسماۃ انا بی بی نے

*(b)* مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھ کر انہیں جملوں میں استعمال کیجئے : 1×4=4

*(i)* کان کنی

*(ii)* تیغ زن

*(iii)* صحتِ بیان

*(iv)* جواب دہ

5. (a) مندرجہ ذیل مصنفین / شعراء میں سے کسی ایک کا سوانحی خاکہ اس کی ادبی خدمات کے ساتھ مختصر طور پر بیان کیجئے : 4

(i) سرسید احمد خاں

(ii) شاد عظیم آبادی

(b) مندرجہ ذیل تصانیف / مجموعۂ کلام کے مصنفین / شعراء کے نام لکھئے : 1×4=4

(i) نئے اور پرانے چراغ

(ii) ہیروئن کی تلاش

(iii) روحِ کائنات

(iv) ضربِ کلیم

## SECTION—II

## [ (Poetry) نظم ]

*Marks* : 20

6. (a) اکبر الٰہ آبادی کی تخلیق شدہ نظم ' جلوۂ دربارِ دہلی ' کا خلاصہ اپنی سلیس زبان میں لکھئے۔ 4

(b) مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کسی دو کے جواب لکھئے : 2½×2=5

(i) " کیا ہے اگر انسان خدا ہو جائے " — اس مصرعے سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(ii) " وہی حسیں ہے حقیقت زوال ہے جس کی " — اس مصرعے میں شاعر نے کس حقیقت کو اجاگر کیا ہے؟

(iii) " آلامِ روزگار کو آسان بنا دیا " — اس مصرعے کے مربوط مصرعے میں شاعر نے کس طرح ' آلامِ روزگار ' کو اپنے لئے آسان بنا لیا ہے؟

(c) خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کر کے مندرجہ ذیل رباعی مکمل کیجئے : ½×4=2

........................ میں پھروں کہ سیر صحرا دیکھوں
یا معدن و کوہ و دشت و ........................ دیکھوں
ہر جا تری ........................ کے ہیں لاکھوں جلوے
........................ ہوں کہ دو آنکھوں سے کیا کیا دیکھوں

**7.** (a) مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی دو کی مع حوالہ تشریح کیجئے : 2½×2=5

(i) اے شیخ! وہ بسیط حقیقت ہے کفر کی
کچھ قید و رسم نے جسے ایماں بنا دیا

(ii) بہتر تو ہے یہی کہ نہ دنیا سے دل لگے
پر کیا کریں جو کام نہ بے دل لگی چلے

(iii) ہے دل میں تڑپتے جی بھر کر پر ضعف نے مشکیں کس دی ہیں
ہو بند اور آتش پر ہو چڑھا سیماب بھی وہ سیماب ہیں ہم

(b) مندرجہ ذیل مرکب الفاظ کے مفہوم (معنی) کو واضح کیجئے : 1×4=4

(i) اضطراب نسیم

(ii) نگاہِ ناز

(iii) ہفتِ طباق

(iv) ریحانِ وطن

## SECTION—III

## [ (Grammar & Composition) قواعد اور طرز نگارش ]

*Marks* : 30

8. (*a*) اسم معرفہ کسے کہتے ہیں؟ اسم معرفہ کی کتنی قسمیں ہیں؟ ہر ایک کی تعریف مع مثال لکھئے۔ ½+½+4=5

(*b*) مندرجہ ذیل سوالوں کے دیئے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھئے : 1×4=4

(*i*) '' دیگچی چولہے پر چڑھا دو۔'' اس جملے میں ' دیگچی ' اسم نکرہ کی کون سی قسم ہے؟

(الف) اسم مکبّر

(ب) اسم مصغّر

(ج) اسم آلہ

(*ii*) اس فعل کو کیا کہتے ہیں جس میں کام کا اثر صرف کرنے والے یعنی فاعل تک ہی محدود رہتا ہے؟

(الف) فعل مجہول

(ب) فعل لازم

(ج) فعل متعدی

(iii) ''بچے گیند کھیل رہے ہیں۔'' اس جملے میں گیند کیا ہے؟

(الف) فاعل

(ب) فعل

(ج) مفعول

(iv) بات کرنے والا اپنے لئے جو ضمیر استعمال کرتا ہے ، اسے کیا کہتے ہیں؟

(الف) ضمیر متکلم

(ب) ضمیر حاضر

(ج) ضمیر غائب

(c) مندرجہ ذیل متشابہ الفاظ کے معنوی فرق کو لکھئے : 1×4=4

(i) آلہ ، اعلیٰ

(ii) باز ، بعض

(iii) تلاوت ، طلاوت

(iv) جعلی ، جالی

(d) مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھئے : 1×4=4

(i) وظیفہ

(ii) مشغلہ

(iii) مراسلہ

(iv) معجزہ

(e) مندرجہ ذیل الفاظ کی ضد لکھیے : 1×4=4

(i) خوشگوار

(ii) خوش اخلاق

(iii) رحمدل

(iv) خیر خواہ

9- آپ مسٹر / مِس 'الف' دہلی پبلک اسکول ، دہلی میں بحیثیت دسویں جماعت کے طالب علم ہونے کے اپنے پرنسپل کو ایک درخواست برائے معافیٔ فیس لکھیے۔ خیال رہے کہ درخواست میں کہیں بھی ، کسی طرح آپ کا یا آپ کے اسکول کا اصل نام ہرگز ظاہر نہ ہو۔ 4

10- مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم 150 لفظوں میں مضمون لکھیے : 5

(a) فیفا (FIFA) ورلڈ کپ

(b) میرا محبوب مشغلہ

(c) پاکی اور صفائی نصف ایمان ہے

## SECTION—IV

**( For the Candidates without Internal Assessment/Failed Candidates only )**

*Marks* : 20

11- مندرجہ ذیل اصناف شاعری پر مختصر روشنی ڈالئے : 5×3=15

(a) رباعی

(b) نظم

(c) غزل

12- مندرجہ ذیل شعراء کا پورا نام لکھئے : 1×5=5

(a) سودا

(b) ذوق

(c) شاد

(d) اکبر الٰہ آبادی

(e) حالی

* * *